فارسی زبان کا تربیتی مرکز

دانشگاه بین المللی امام خمینی (ره)

IMAM KHOMEINI
INTERNATIONAL UNIVERSITY

رابطے کے لیے:

پتہ: مرکز آموزش زبان فارسی،
نوروزیان بلیووارڈ، امام خمینی بین
الاقوامی یونورسٹی، قزوین، ایران

فون : ۹۸(۲۸) ۳۳۹۰۲۲۳۰ +

ای میل: Admission@plc.ikiu.ac.ir

ویب سائٹ: http://IKIU.ac.ir

انستاگرم: pltc_ikiu

رجسٹریشن:

زبان سیکھنے والے طلباء رجسٹریشن کے لیے درج ذیل ایڈرس پر اپنا فارم پُر کریں.

www.ikiu.ac.ir/en

امام خمینی انٹرنیشنل یونیورسٹی کے فارسی زبان سکھانے والے سنٹر کا تعارف

امام خمینی بین الاقوامی یونیورسٹی کا فارسی زبان سکھانے کا تربیتی سنٹر ۱۹۹۰ میں ایران کے شہر قزوین میں فارسی نہ جاننے والوں کو فارسی کی تعلیم دینے کے مقصد سے قائم کیا گیا تھا۔ یہ شہر ایران کے قدیم اور خوشگوار شہروں میں سے ایک شہر ہے، جو تہران سے ۱۲۰ کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہے۔ مرکز کے قیام سے اب تک ۱۰۶ طویل و قلیل مدتی تربیتی کورس منعقد ہوئے ہیں، جس سے ۱۱۰ مختلف ممالک کے ۱۲۰۰۰ سے زائد افراد فارسی زبان سیکھ چکے ہیں۔ ان میں سے بہت سے افراد فارسی سیکھنے کے بعد ایرانی یونیورسٹیوں میں داخل ہوئے اور مختلف شعبوں سے ڈگریاں حاصل کر چکے ہیں.

کورسز کی فیس:

تازہ ترین کورس کی قیمتوں کے بارے میں معلومات کے لئے یہ ایڈرس ملاحظہ کریں.

اس مرکز کے دوسرے مراکز کی نسبت ۱۰ بڑے فوائد:

۱. فارسی نہ جاننے والوں کو فارسی کی تعلیم دینے میں تیس سال کا شاندار تجربہ؛
۲. ماہر اور تجربہ کار پروفیسرز کی تدریسی خدمات؛
۳. زبان سیکھنے والوں کی ضروریات کے مطابق مختلف قسم کے تربیتی کورسز؛
۴. ورچوئل (آنلائن) اور ٹیکنالوجی کے مختلف طریقوں سے سیکھنے کا امکان؛
۵. دوسرے مراکز کے مقابلے میں تربیتی کورسز کی کم قیمتیں؛
۶. کورس کے اختتام پر طلباء کو اسلامی جمہوریہ ایران کی وزارت ایجوکیشن سائنس، ریسرچ اینڈ ٹیکنالوجی سے منظور شدہ بین الاقوامی سند دینا؛
۷. ایک ایسے تاریخی شہر میں رہ کر فارسی زبان سیکھنا جس کی آب و ہوا خوشگوار، پرسکون، لوگ مہمان نواز اوربڑے شہروں کی نسبت ہجوم اور ٹریفک کم اور مہنگائی کی لعنت سے پاک ہے؛
۸. طلبہ کے لیے سستے اور معیاری ہاسٹل و کھانے کی سہولت؛
۹. تمام طلاب کے لیے ہیلتھ انشورنس کی سہولت؛
۱۰. جدید بین الاقوامی نظام تعلیم کے اصولوں کے مطابق کلاسوں کا انعقاد اور کلاس رومز جدید ٹیکنالوجی سے آراستہ.

درج ذیل فلاحی خدمات مرکز کی طرف سے زبان سیکھنے والوں کو مہیا کی جاتی ہیں:

۱. ہوائی اڈے پر طلباء کا خیرمقدم کرنا اور انہیں قزوین تک لانا؛

۲. طلباء کی ہیلتھ انشورنس؛

۳. طلباء کے لیے سستے ہاسٹلز کی سہولت؛

۴. طالب علموں کے لیے سستے اور معیاری کھانوں کی سہولت؛

۵. یونیورسٹی کی طرف سے سپورٹس کمپلیکس کی مفت سہولت؛

۶. ایران کے قدرتی و خوبصورت علاقوں سے واقفیت کے لیے ایک روزہ یا چند روزہ تفریحی و سیاحتی ٹور میں شرکت؛

۷. انٹرنیٹ کا مفت استعمال؛

۸. ایرانی قومی تقریبات اور جشن (یلدا، نوروز وغیرہ) میں شرکت.

فارسی زبان سکھانے کے کورسز

فارسی زبان سکھانے والا سنٹر ہمیشہ طلباء کی ضروریات کے مطابق مختلف تربیتی کورسز کو ترتیب دے کر کلاسوں کا انعقاد کرتا ہے۔ ان کورسز کے دوران، زبان سیکھنے والا طالب علم زبان کی چاروں مہارتوں (سننا، پڑھنا، لکھنا اور بولنا) کو باآسانی سیکھ سکتا ہے.

یہ مرکز ابتدائی سے ایڈوانس لیول پر مشتمل مختلف کورسز منعقد کرتا ہے، ان کورسز کے بعد، ایران میں تعلیم حاصل کرنے میں دلچسپی رکھنے والوں کے لیے ایک پری یونیورسٹی کورس کا انعقاد بھی کیا جاتا ہے۔ اس کورس کے دوران زبان سیکھنے والے حضرات علوم انسانی، طب، ٹیکنالوجی، سائنس، انجینئرنگ اور بنیادی علوم جیسے شعبوں کی خاص اصطلاحات سے آشنائی پیدا کر لیتے ہیں.

اس مرکز کے مختلف شعبوں میں دیگر عمدہ کورسز جیسے کلاسیک اور عصری فارسی ادب، ایران شناسی، ایرانی سنیما، اور ایرانی فن و ہنر سے واقفیت وغیرہ ہیں.

تربیتی کورسز کے دوران، زبان سیکھنے والے افراد خطاطی، مصوری، ایرانی سنیما اور فارسی کی گفتگو یا تقریری کلاسز میں بھی حصہ لے سکتے ہیں.